© rasailojaraid.com



کے راستے صاف اور آراستہ کرنے کے لیے جو گل کھلائے ہیں، ان مضامین میں انھیں دیکھا اور احساسِ زیاں کی کسک محسوس کی جاسکتی ہے۔(سلیم منصور خالد)

**دل پہ دستک**، اختر عباس۔ ناشر: منشورات، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۲۲۸۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔

اختر عباس صحافتی اور ادبی حلقوں میں جانا پہچانا نام ہے۔ زیرنظر کتاب کے ۳۳ اخباری کالم دین، وطن اور اپنی اقدار کے ساتھ محبت کرنے والے قلم کار کی سوچ بچار، ذاتی تجربے، مشاہدے اور مطالعے کا عکس ہیں۔ خوب صورت الفاظ، عام فہم، سادہ اور چھوٹے چھوٹے جملوں کے ساتھ بات کہنے کا فن، پُرکشش عنوانات کے ساتھ۔ چند عنوانات درج ذیل ہیں: 'انھیں موت دوست لگتی ہے'، 'خالی ہاتھوں والوں کو کوئی کیسے یاد رکھے'، 'غلط فیصلوں کے پہاڑ اکثر سر نہیں ہوتے'، 'جتنا بڑا یقین اتنی بڑی کامرانی'، 'اتنے سخت دل تو نہ ہوجایا کرو'۔

اختر عباس نوجوان قلم کار ہیں جنھوں نے قلمی جہاد کا بیڑا اٹھایا ہے۔ واعظانہ انداز کے بجائے خاموشی سے اپنی بات اس طرح کہتے ہیں جس سے امید، سرشاری کے جذبات اُجاگر ہوتے ہیں۔ یہی ان کی تحریر کی خوبی اور بات کہنے کا وہ ڈھنگ ہے جو ان کو موجودہ دور کے اہلِ قلم میں ممتاز کرتا ہے۔ اگرچہ یہ کالم پھول ڈائجسٹ میں بچوں کے لیے لکھے گئے ہیں مگر یہ ہر عمر کے قاری کو متاثر کرتے ہیں۔ جہادِ زندگی میں نئے راستوں اور منزلوں کے متلاشی حضرات کے لیے یہ کتاب ایک انمول تحفہ ہے۔(عمران ظہور غازی)

## تعارف کتب

◉ ماہ نامہ **چراغ اسلام**، مدیراعلیٰ: مولانا عطاء الرحمٰن مدنی۔ پتا: جامعہ عربیہ، انور انڈسٹری، جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ۔ صفحات: ۸۰۔ قیمت: ۱۵ روپے۔ [ملک بھر سے نکلنے والے دینی رسائل کی تعداد میں ایک خوش گوار اضافہ۔ چار شمارے شائع ہوچکے ہیں۔ مضامین کا انتخاب معیاری ہوتا ہے۔ اکتوبر کے شمارے میں اعتکاف، شب قدر اور غزوۂ بدر پر مضامین ہیں۔ عید کارڈ کے خلاف ایک مؤثر مضمون بھی شامل ہے۔]

◉ سہ ماہی **الحنیف**، مدیراعلیٰ: قاری افضل اکبر۔ پتا: فاروقی مسجد، سعود آباد، ملیر، کراچی-۳۷۔ صفحات: ۶۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [یہ بھی ایک اضافہ ہے لیکن سہ ماہی۔ پہلے شمارے میں سید ابوالاعلیٰ مودودی، سید قطب شہید،

© rasailojaraid.com